# اذان کا جواب دینا واجب ہے یا مستحب؟

**مجیب:** ابوالحسن ذاکر حسین عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-1185

**تاریخ اجراء:** 23 ربیع الاول 1444ھ / 20 اکتوبر 2022ء

## دارالافتاء اہلسنت
(دعوت اسلامی)

## سوال

اذان کا جواب دینا واجب ہے یا مستحب؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

زبان سے اذان کا جواب دینے میں فقہاء کرام کا اختلاف ہے۔ ایک قوی قول یہ ہے کہ اذان کا جواب دینا واجب ہے۔ جبکہ دوسرا قول یہ ہے کہ جواب دینا مستحب ہے یہی قول مفتی بہ اور راجح تر ہے۔ اور جماعت واجب ہونے کی صورت میں جواب بالقدم یعنی مسجد میں جاکر جماعت میں شامل ہونا راجح قول کے مطابق یہ واجب ہے۔

علامہ ابن عابدین شامی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: "والذی ینبغی تحریرہ فی ھذا المحل ان الاجابۃ باللسان مستحبۃ وان الاجابۃ بالقدم واجبۃ ان لزم من ترکھا تفویت الجماعۃ" اور اس مقام میں جس بات کا ثبوت مناسب ہے (وہ یہ ہے کہ) بے شک زبان سے جواب دینا مستحب ہے اور قدم سے جواب دینا واجب ہے اگر اس کے ترک سے جماعت کو فوت کرنا لازم آئے۔ (ردالمحتار، ج2، ص86، مطبوعہ: کوئٹہ)

طحطاوی علی المراقی میں ہے: "اختلف فی الاجابۃ فقیل واجبۃ وھو ظاھر ما فی الخانیۃ والخلاصۃ والتحفۃ والیہ مال الکمال وقیل مندوبۃ وبہ قال مالک والشافعی واحمد وجمھور الفقھاء واختارہ العینی فی شرح البخاری وفی مجمع الانھر عن الجواھر اجابۃ الاذان سنۃ وفی الدرۃ المنیفۃ انھا مستحبۃ علی الاظھر والحاصل انہ اختلف التصحیح فی وجوب الاجابۃ باللسان والاظھر عدمہ. ملخصا" اذان کے جواب کے بارے میں اختلاف ہے پس کہا گیا کہ (اذان کا جواب) واجب ہے اور یہی خانیہ، خلاصہ اور تحفہ کا ظاہر ہے اور اسی کی جانب علامہ کمال علیہ الرحمہ مائل ہوئے اور کہا گیا کہ (اذان کا جواب) مستحب ہے اور یہی امام مالک، امام شافعی، امام احمد اور جمہور فقہاء نے کہا اور اسی کو علامہ عینی علیہ الرحمہ نے

بخاری کی شرح میں اختیار فرمایا ہے اور مجمع الانہر میں جواہر کے حوالہ سے کہ اذان کا جواب دینا سنت ہے اور درہ منیفہ میں ہے کہ اذان کا جواب دینا مستحب ہے اظہر قول کے مطابق اور حاصل یہ ہے کہ زبان سے جواب دینے کے وجوب میں تصحیح کا اختلاف ہے اور زیادہ ظاہر اس (کے جواب) کا واجب نہ ہونا ہے۔ (طحطاوی علی المراقی، ص202، مطبوعہ: کوئٹہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net